SIGN OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۵ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۲۷ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء جلد ۵۴

حصہ دوئم

احکام اجلاس عالیمرتبت منسٹرز و سکرٹیریز صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲ تا ۴
۲	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر	۵
۳	احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس	۶
۴	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ	۷ و ۸
۵	حکم اجلاس صاحب سکرٹیری بہادر انہار	۸
۶	" افسر صاحب جنگلات	"
۷	نقشہ موسمی حالات	۹
۸	نقشہ نرخ نامہ اجناس	۱۰

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

۱۰ ستمبر ۱۹۴۱ء

چار قطعہ اعلانات بابت ترمیمات ڈیفنس آف انڈیا رولس مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں شائع کئے جانے کی منجانب رامپور گورنمنٹ منظوری دی جاتی ہے

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ دارالانشاء کو واپس بھیجے جائیں۔ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۹۰ و تحتی قاعدہ (۱) میں ترمیم مطابق ترمیم مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۲۴۴ – ۱۰ – آر – ۴۱ مورخہ ۹ راگست ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۹۲ کے بعد قاعدہ ۹۲ (الف) کی ایزادی بمضمون مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۲۴۳ – ۱۰ – آر – ۴۱ مورخہ ۹ راگست ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۱۳ تحتی قاعدہ (۳) میں ترمیم مطابق ترمیم مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۲۴۹ – ۱۰ – آر – ۴۱ مورخہ ۹ راگست ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۴۴ تحتی قاعدہ (۴) کے بعد تحتی قاعدہ (۵) کی ایزادی بمضمون مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۲۰۹ – ۱۰ – آر – ۴۱ مورخہ ۱۲ راگست ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے۔

حکم

۱۰ ستمبر ۱۹۴۱ء

ایک قطعہ اعلان بابت ترمیمات ڈیفنس آف انڈیا رولس مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں

شائع کئے جانے کی منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے اصل کاغذات بعد اجرائے احکام دار الانشاء کو واپس بھیجے جائیں۔ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۵۱ کے بعد قاعدہ ۵۱ (۱۵) کی ازادی بمضمون مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۴۴۹۷۵ او۔ آر۔ ۱ ام مورخہ ۲۳ اگست ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے۔

حکم

۱۰ ستمبر ۱۹۴۱ء

ایک قطعہ اعلان بابت ایجنی فرلس مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں شائع کئے جانے کی بجانب رامپور گورنمنٹ منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ دار الانشاء کو واپس بھیجے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ ۹۰ فقرہ (د)

قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور ضمیمہ منسلکہ نوٹیفکیشن نمبری ۴۴۷۳ او۔ آر۔ ای۔ ۴۱ مورخہ ۲۰ مئی ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند میں ترمیم مطابق مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۴۴۶۹۳ او۔ آر۔ ۱۴۔ ۱ ام مورخہ ۱۰ اگست ۱۹۴۱ء مجریہ محکمہ متذکرہ بالا منظور کرتی ہے۔

حکم

۱۰ ستمبر ۱۹۴۱ء

ایک قطعہ اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں شائع کئے جانے کی بجانب گورنمنٹ رامپور منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ دار الانشاء کو واپس بھیجے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ ۱۶ تحتی قاعدہ (۲) قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور اعلان کرتی ہے کہ کوئی شخص ہوائی جہاز میں وائرلیس ٹیلیگرافی کے آلات کو خبر رسانی کے کام میں نہ لائے گا۔ تاوقتیکہ ایسا عمل ہوائی جہاز کی حفاظت اور اسکے پرواز کی باقاعدگی کیلئے ضروری نہ ہو۔

حکم

ایک قطعہ اعلان شمولہ نمبر ۴ کے شائع کئے جانیکی پنجاب گورنمنٹ
راپور منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ
مطبع کو اور ایک نقل بغرض اشاعت اخبار ناظم صاحب
کونسل سکریٹری بہادر گنجینہ شتہیر بھیجی جائے۔ اصل کاغذات
عبا جا جو احکام محکمہ دارالانشاء کو واپس بھیجے جائیں۔ ۲۰ ستمبر ۱۹۴۱ء

دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

اعلان

تحت قاعدہ ۲ فقرہ (ب) تحتی فقرہ (د) قواعد تحفظ ہند
ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور فنلینڈ (Finland) کو
ملک دشمن قرار دیتی ہے۔

اعلان

قبل ازیں ۱۰ جون ۱۹۴۱ء کو اعلان جاری ہوچکا ہے
Lebanon
جسمیں ملک شام (Syria) اور لبنان کو علاقہ غنیم قرار دیا گیا تھا
اور اس ملک سے تجارت کرنا مستوجب سزا قرار دیا گیا تھا۔ اب
گورنمنٹ ہند سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ اعلان سابقہ منسوخ
کیا جاتا ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

اعلان مجریہ ۱۰ جون ۱۹۴۱ء مطبوعہ گزٹ ریاست رامپور
مورخہ ۱۴ جون ۱۹۴۱ء منسوخ کیا جاتا ہے۔ بغرض اندراج گزٹ
مطبع کو مرسل ہو۔ ۲۰ ستمبر ۱۹۴۱ء　　دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

اعلان

عراق کو جانے والے مسافروں کیلئے ضروری ہے کہ
خواہ وہ بحری راستہ سے جائیں یا ہوائی جہاز کے ذریعہ انکے ہمراہ
ہیضہ کے ٹیکہ کا سرٹیفکیٹ ضرور ہو۔ اعلان ہذا بغرض اشاعت
اسٹیٹ گزٹ مطبع کو مرسل ہو اور ایک نقل اڈیٹر صاحب اخبار ناظم
کو بھی بغرض اشاعت بھیجدیجائے۔ ۲۰ ستمبر ۱۹۴۱ء

دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

....

اعلان

دفاتر و صیغہ جات وغیرہ ریاست کی ضروریات کیلئے
اسٹیشنری ڈپو میں اب جو کاغذ فراہم کیا گیا ہے اسمیں ریاست کا
واٹر مارک کرا دیا گیا ہے۔ یہ کاغذ سوائے سرکاری ضروریات کے
کوئی شخص اپنے ذاتی مصارف میں لانے کا مجاز نہیں ہے اور
بصورت خلاف ورزی مستوجب کارروائی ضابطہ ہوگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل برائے
اطلاع عوام درج گزٹ ہو۔ ۲۰ ستمبر ۱۹۴۱ء

دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر

واقع ۲۴ ستمبر ۱۹۳۱ء

صیغۂ فائنانس سے قبل ازیں گشتی تحریر جاری ہو چکی ہے کہ جن اہلکاران کو خزانہ و بنک سے رقم وصول کرنے کے لئے صیغہ جات نے نامزد کیا ہے۔ اونکے علاوہ اگر کسی دوسرے اہلکار کو نامزد شدہ اہلکار کی معذوری کی وجہ سے نامزد کیا جائے تو اوس تغیر کی اطلاع دو چار روز قبل وصول کرنے کی تاریخ سے صیغۂ فائنانس کو دی جایا کرے مگر بعض صیغہ جات سے ہر ماہ میں دو چار اس قسم کی تحریریں اس وقت موصول ہوتی ہیں جبکہ چک ہائے تنخواہ یا تو زیر تقسیم ہوتے ہیں یا تقسیم ہو چکے ہوتے ہیں۔ وقت کے وقت اطلاع موصول ہونے میں یا بعد تقسیم چک ہائے اطلاع آنے کی حالت میں صیغۂ فائنانس کو دشواری ہوتی ہے۔ ضرورت ہے کہ دو چار روز قبل اگر ممکن ہو تو اس قسم کی اطلاع صیغہ جات ارسال فرمائیں۔

لہذا

عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر کی خدمت میں تقدمہ دیا جائے کہ براہ کرم حسب صراحت بالا کارروائی کئے جانے کی بابت صیغہ جات کو مطلع فرما دیا جائے۔ سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں۔ ایک نقل خزانہ کو بھیجی جائے ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر)

احکام اجلاس عالی جناب مرصاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

ایک نقل بغرض اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو مرسلہ۔

دستخط عالیجناب صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

حکم

۲۰ ستمبر ۱۹۲۱ء

منشی احمد علیخاں صاحب سب انسپکٹر کو عہدہ سب انسپکٹر گریڈ چہارم پر ۲۰ ستمبر ۱۹۲۱ء سے مستقل کیا جاتا ہے۔ منشی سلطان الزماں صاحب سب انسپکٹر گریڈ چہارم سے وہ جونیر رہینگے۔

حکم ہوا کہ

احکام حسب ضابطہ اجرا ہوں۔ درج آرڈر بک خاص ہو ایک نقل بغرض اشاعت گزٹ اسٹیٹ پریس مرسلہ۔

دستخط عالیجناب صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

حکم

۲۰ ستمبر ۱۹۲۱ء

بتعمیل حکم کونسل آرڈر حسب ذیل تنزل کئے جاتے ہیں۔

(۱) منشی کرامت علیخان صاحب سب انسپکٹر انچارج بلاسپور کا دو ماہ کے واسطے تاریخ تبادلہ چارج سے بلاسپور سے افسر دوئمی کوتوالی پر تنزل کیا جاتا ہے۔ انتظام انچارجی تھانہ بلاسپور کے لئے جداگانہ حکم جاری ہوگا۔

(۲) منشی اشفاق حسین سب انسپکٹر پولیس کو بدرجہ ہیڈ کنسٹبل گریڈ اول پر برائے ایکماہ تنزل کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام فی الفور اجرا ہوں۔ درج آرڈر بک خاص کیا جاوے

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ رامپور

نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ من ابتدائے ۱۹ ستمبر ۱۹۳۱ء لغایت ۲۵ ستمبر ۱۹۳۱ء برائے اشاعت اسٹیٹ گزٹ بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ پریس مرسل ہے۔ ۲۵ ستمبر ۱۹۳۱ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۹ ستمبر ۱۹۳۱ء	جمعہ	تعطیل جمعہ	.	.	.
۲۰ ″	شنبہ	عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	بلدیو قیدی بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۱۰۹ ضابطہ فوجداری	نگرانی ہذا نامنظور ہو۔
″	″	عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر و عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودہری شرف الزمان صاحب بہادر	ہر پرشاد بنام ربوتی رمن	اپیل دل دیوانی	بحث سماعت ہوئی زیر تجویز ہے
۲۱ ″	یکشنبہ	تعطیل سورج گرہن	.	.	.
۲۲ ″	دوشنبہ	عالیمرتبت مسٹر جسٹس محمد علی خان صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام روشن وغیرہ	سیشن جرم دفعہ ۳۹۶ تعزیرات رامپور	محمد علی عرف چھدن بیان ملزم حاضر کو بہ ثبوت جرم دفعہ ۳۹۶ تعزیرات رامپور سزائے موت دیجائے اور اسکو اسقدر گردن سے لٹکایا جائے کہ اسکا دم نکل جائے ملزم حاضر بہ ثبوت جرم دفعہ مذکورہ حبس دوام کا سزایاب ہو۔ اور روشن یاد تے صاد و تالی جیتی بہاری ملزمان حاضر بہ ثبوت جرم دفعہ مذکورہ دس دس سالی قید سخت بھیجا گیا۔ کفایت اور وزیر ملزمان حاضر بعدم ثبوت جرم دفعہ ۳۹۶ تعزیرات رامپوری بری ہوں اور آل حسن گواہ [illegible]
۲۲ ″	دوشنبہ	عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	سید افضل علی بنام مسماۃ دلہری بیگم	نگرانی فوجداری بتغیر زبان اضافہ	نگرانی ہذا نامنظور ہوکر حکم عدالت ماتحت بحال رہے۔
″	″	″	دلہری بیگم بنام سید افضل علی	نگرانی دیوانی	بحث سماعت ہوئی زیر تجویز ہے۔
″	″	عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودہری شرف الزمان صاحب بہادر	بہاری لال بنام مادھو رام	اپیل اول دیوانی	لبشرح صدر
″	″	″	بدرالنجان بیگم بنام محبوب علی خان وغیرہ	اجرائے ڈگری وقل جائداد وغیرہ	ڈگری ذوالنساء بیگم بنام محبوب علی خان تعین ۲ اکتوبر ۱۹۳۱ء جاری ہو
۲۳ ستمبر ۱۹۳۱ء	سہ شنبہ	عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر و عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودہری شرف الزمان صاحب بہادر	صاحبزادہ بلی صاحب بہادر ملزم بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۴۰۳/۱۱۵ تعزیرات رامپور	نگرانی ہذا نامنظور ہوکر خارج ہو۔
″	″	″	″	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۴۰۳ تعزیرات رامپور	لبشرح صدر
″	″	عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودہری شرف الزمان صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام احمد بخش	سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	ملزم کو فرد جرم پڑھکر سنائی گئی جرم سے انکار ہے چار گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند کئے گئے بقیہ ثبوت مقدمہ ہذا کل بتاریخ ۲۴ ستمبر ۱۹۳۱ء پیش ہو
۲۴ ″	چہارشنبہ	عالیمرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خان صاحب بہادر	حاکم علی بنام لطیف احمد خان وغیرہ	اپیل دیوانی	اپیل نامنظور ہو خرچہ غالب بر مغلوب عائد ہو۔
″	″	عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودہری شرف الزمان صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام احمد بخش	سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	دو گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند کئے گئے اور کوئی گواہ آج حاضر نہیں ہے بقیہ ثبوت کے لئے مقدمہ ہذا بتاریخ ۲۵ ستمبر ۱۹۳۱ء پیش ہو۔
″	″	عالیمرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خان صاحب بہادر	چھجا بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۹/۴۵ تعزیرات رامپور	بحث سماعت ہوئی زیر تجویز ہے۔

تاریخ	روز	اجلاس	نام مقدمہ	نوعیت	حکم
۲۲ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء	دوشنبہ	عالیمرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خاں صاحب بہادر	نادر وغیرہ بنام مجھو	اپیل اول دیوانی	اپیل نامنظور ہو خرچہ غالب ذمہ مغلوب عائد ہو۔
"	"	عالیمرتبت مسٹر چیف جسٹس صاحب بہادر، عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودہری اشرف الزماں صاحب بہادر	وتن خاں بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۷۶ تعزیرات رامپور	بحث فریقین سماعت ہوئی مسل زیر تجویز رہے
۲۵ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء	پنجشنبہ	عالیمرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خاں صاحب بہادر	بدھا بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۷۶ تعزیرات رامپور	اپیل نامنظور ہو۔
"	"	عالی مرتبت مسٹر ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر چیف جسٹس و عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودہری اشرف الزماں صاحب بہادر	وتن خاں بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۷۷ و ۳۷۶ تعزیرات رامپور	ملزم جرم دفعہ ۳۷۶ تعزیرات رامپور سے بری ہو۔ اور بجرم دفعہ ۳۷۷ تعزیرات رامپور تین سال قید سخت کاٹے
"	"	عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودہری اشرف الزماں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام احمد بخش ملزم	سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	پانچ گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند کئے گئے ثبوت ختم ہو۔ بیان ملزم قلمبند کیا گیا مقدمہ اضافی کیلئے بتاریخ ۲۹ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء پیش ہو

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر انہار

اعلان

صیغہ ٹیوب ویلز میں ایک لائن سپروائزر کی ضرورت ہے۔ جسکو علاوہ تھیوریٹیکل انجینیرنگ کوالیفیکشن کے چھ ہزار چھ سو اور گیارہ ہزار وولٹ Volt کے Transmission Lines ٹرانسمیشن لائن اور Transforming Station ٹرانسفارمنگ اسٹیشن نصب کرنے کا تجربہ ہو اور ان کام پر زیادہ عرصہ تک کام کیا ہو۔ اس کے علاوہ ٹرانسفارمر کی Repair ریپیر اور جنرل مینٹیننس کا کام بھی جانتا ہو۔ رامپوری کو ترجیح دی جائے گی۔

امیدواران کی درخواستیں ۳۰ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء تک محکمۂ انہار میں لی جائیں گی۔

(سکریٹری محکمۂ انہار)

حکم افسر صاحب جنگلات

۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء

بخدمت شریف سپرنٹنڈنٹ صاحب اسٹیٹ پریس

جناب من

گزٹ مورخہ ۲۴ مئی سنہ ۱۹۴۱ء میں قواعد صفائی جھاڑی بغرض رائے عامہ طبع ہوئے تھے۔ بعد ازاں گزٹ مورخہ ۲۶ جولائی سنہ ۱۹۴۱ء تصحیح شائع ہوئی نیز قواعد جھاڑی کے بعد پندرہ یوم مدت عذرداری مزید طبع کئے جانیکی ضرورت ہے لہذا مندرجہ ذیل عبارت براہ مہربانی گزٹ میں طبع فرماکر مشکور فرمایئے۔

" اگر کسی صاحب کو قواعد صفائی جھاڑی مطبوعہ اسٹیٹ گزٹ مورخہ ۲۴ مئی سنہ ۱۹۴۱ء و مورخہ ۲۶ جولائی سنہ ۱۹۴۱ء کے متعلق کچھ اعتراض ہو تو اندر میعاد پندرہ (۱۵) یوم عذرداری کی جاسکتی ہے "

(دستخط افسر صاحب جنگلات)

نقشہ موسمی حالات جو پونڈ سیڈ اسٹور پر روزانہ ۸ بجے صبح نوٹ کئے گئے

تاریخ ریکارڈ	ہوا کا رخ	ہوا کا دباؤ	بارش: گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں	افزودن ۱۵ر جون	افزودن ۱۰ر اکتوبر	افزودن یکم جنوری	درجہ حرارت: ۸ بجے صبح	کم سے کم ۲۴ گھنٹوں میں	زائد سے زائد ۲۴ گھنٹوں میں	ہوا میں رطوبت کا اوسط	موسمی حالت وکیفیت
۱۹ر ستمبر ۱۹۳۱ء	خوب مغرب	۲۹ر۱۲	۰ر۰۰	۱۹ر۳۴	۲۶ر۸۶	۲۸ر۱۸	۷۹ درجہ	۶۵ درجہ	۸۸ درجہ	۸۷ فیصدی	آسمان ابر آلود رہا اور بارش بھی ہوئی
۲۰ر "	شمال مشرق	۲۹ر۰۵	کچھ نہیں	۱۹ر۳۴	۲۶ر۸۶	۲۸ر۱۸	" ۸۲	" ۷۵	" ۱۰۵	۷۴ "	" " "
۲۱ر "	" "	۲۹ر۱۱	"	۱۹ر۳۴	۲۶ر۸۶	۲۸ر۱۸	" ۸۴	" ۷۴	" ۹۹	۸۳ "	آسمان صاف رہا
۲۲ر "	" "	۲۹ر۱۵	"	۱۹ر۳۴	۲۶ر۸۶	۲۸ر۱۸	" ۸۸	" ۷۴	" ۹۸	۸۳ "	" " "
۲۳ر "	" "	۲۹ر۱۵	"	۱۹ر۳۴	۲۶ر۰۶	۲۸ر۱۸	" ۶۸	" ۷۴	" ۹۸	۶۶ "	" " "
۲۴ر "	" "	۲۹ر۱۱	"	۱۹ر۳۴	۲۶ر۸۶	۲۸ر۱۸	" ۹۲	" ۷۳	" ۹۷	۷۳	" " "
۲۵ر "	" "	۲۹ر۱۱	"	۱۹ر۳۴	۲۶ر۸۶	۲۸ر۱۸	" ۸۰	" ۷۲	" ۹۹	۷۹ "	" " "